مطبوعات

تعلیم القرآن پارہ دوم مرتبہ: صابر قریشی صاحب۔ ترجمۂ لفظی از مرتب۔ ترجمہ بامحاورہ: از مولانا فتح محمد جالندھری۔ بڑے سائز کے ۱۲۲ صفحات۔ دبیز خوشنما ٹائٹل۔ قیمت عام سفید کاغذ ۱۳/- روپے۔ آفسٹ پیپر ۱۸/- روپے۔

ناشر: حسنات اکیڈمی، پرائیویٹ لمیٹڈ۔ ۱۹ اے سی منصورہ ملتان روڈ، لاہور۔

تعلیم قرآن کی تعریف ان الفاظ میں کی گئی ہے کہ "قرآن کو قرآن کی زبان میں سمجھنے کا آسان طریقہ"۔ کتاب کھولتے ہی آپ کے سامنے پارہ دوم کی آیات کے مضامین کی ترتیب وار فہرست آجاتی ہے۔ پھر اصل کتاب شروع ہوتی ہے۔ سب سے اوپر کی سطر میں قرآن شریف کا عربی متن، پھر متن کے تمام عربی الفاظ الگ الگ خانوں میں درج۔ پھر لفظ لفظ کے نیچے اردو میں لفظی ترجمہ۔ پھر مولانا فتح محمد جالندھری کا رواں ترجمہ۔ نیچے حاشیے میں استعمال شدہ اسماء، افعال اور حروف کے معانی قواعد اور صیغوں کی روشنی میں۔ دائیں اور بائیں جانب ضروری حواشی یا نوٹس برائے وضاحت۔

پارہ کا ترجمہ ختم ہونے کے بعد صفحہ ۸۸ سے پارہ کے مضامین کا خلاصہ رکوع بہ رکوع اور آیت بہ آیت۔

ص ۱۰۵ سے پارہ کے الفاظ کا مختصر اور آسان لغت۔

پہلے ہم پارہ اوّل کی اشاعت کے موقع پر بھی مفصل تبصرہ کر چکے ہیں۔